دورانِ نماز جیب سے موبائل نکال کر ٹارچ آن کرنا

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی شخص بجلی بند ہونے کی صورت میں باجماعت نماز کے دوران موبائل جیب سے نکال کر اس کی روشنی چلا کر رکھ دے، تو کیا حکم ہے؟

جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں اگر وہ شخص نماز پڑھ رہا تھا اور نماز پڑھتے ہوئے اس نے جیب سے موبائل نکال کر اس کا ٹارچ جلا کر رکھا، تو اس کی نماز ٹوٹ گئی، کیونکہ یہ عملِ کثیر ہے کہ ایسا کرنے والے کو دور سے دیکھنے والا یہی سمجھے گا کہ یہ نماز میں نہیں ہے اور اس عمل کا تعلق نہ نماز کے اعمال سے ہے اور نہ یہ اصلاح نماز کے لیے کیا گیا ہے اور ہر ایسا عمل کثیر کہ جس کا تعلق نہ نماز کے اعمال سے ہو اور نہ وہ اصلاح نماز کے لیے کیا گیا ہو، اس کے کرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

دِرِ مختار میں ہے "(و) یفسدھا (کل عمل کثیر) لیس من أعمالھا و لا لاصلاحھا، وفیہ أقوال خمسۃ، أصحھا (ما لا یشك) بسببہ (الناظر) من بعید (في فاعلہ أنہ لیس فیھا)" ترجمہ: اور ہر وہ عمل کثیر نماز کو فاسد کر دیتا ہے جو نماز کے اعمال سے نہ ہو اور نہ ہی نماز کی اصلاح کے لیے ہو، اور اس (یعنی عمل کثیر کی تعریف) کے بارے میں پانچ اقوال ہیں، اور ان میں سے زیادہ صحیح یہ ہے کہ جس کام کی وجہ سے دور سے دیکھنے والا اس بات میں شک نہ کرے کہ یہ کام کرنے والا نماز میں نہیں ہے۔ (بلکہ اسے دیکھ کر اس کا گمان غالب ہو کہ یہ نماز میں نہیں ہے۔) (الدر المختار، صفحہ 86، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "عملِ کثیر کہ نہ اعمالِ نماز سے ہو، نہ نماز کی اصلاح کے لیے کیا گیا ہو، نماز فاسد کر دیتا ہے، عملِ قلیل مفسد نہیں۔ **جس کام کے کرنے والے کو دُور سے دیکھ کر اس کے نماز میں نہ ہونے کا شک نہ رہے، بلکہ گمان غالب ہو کہ نماز میں نہیں، تو وہ عملِ کثیر ہے** اور اگر دُور سے دیکھنے والے کو شبہہ و شک ہو کہ نماز میں ہے یا نہیں، تو عملِ قلیل ہے۔" (بہار شریعت، جلد 01، حصہ 03، ص 609، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-3977

تاریخ اجراء : 05 محرم الحرام 1447ھ / 01 جولائی 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net